پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرحاد علی شاہ کا پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی کا دورہ

:لاہور

کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ محمد ارشد علی فاروقی، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب و (PFSA) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرحاد علی شاہ نے پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن بھی موجود تھے۔ پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی پہنچنے پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی، ڈاکٹر محمد امجد نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور ان کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ بعد ازاں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ایجنسی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، جہاں انہیں جدید فارنزک سہولیات، تکنیکی صلاحیتوں اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دورے کے دوران پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی کے کردار کو نظامِ انصاف میں انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید فارنزک شواہد کی دستیابی سے مقدمات کی مؤثر پیروی ممکن ہوتی ہے اور انصاف کی فراہمی میں شفافیت اور معیار میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد امجد کی قیادت اور ان کی جانب سے ایجنسی کی ترقی، استعدادِ کار میں اضافے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے کی جانے والی تمام تر کوششوں کو سراہا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے کہا کہ PFSA نے مختصر عرصے میں نمایاں پیش رفت کی ہے جو قابلِ تحسین ہے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ پراسیکیوشن اور پنجاب فارنزک سائنس ایجنسی کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط کیا جائے گا تاکہ تفتیش اور پراسیکیوشن کے عمل کو مؤثر، سائنسی اور نتیجہ خیز بنایا جاسکے۔ دورے کے اختتام پر ادارے کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور مستقبل میں مشترکہ کاوشوں کے تسلسل پر زور دیا گیا